حکومتِ پاکستان

۲۰۲۶ جون

# ہفتہ وار موسم کی صورتحال





ہفتہ -۳

۱۵-۲۱ جون


قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

محکمہ موسمیات، پطرس بخاری روڈ، پوسٹ باکس نمبر-۱۲۱۴، سیکٹر ایچ ۸\۲

اسلام آباد، پاکستان


# حکومت پاکستان
# محکمہ موسمیات
## قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

فون: 051 -9250598
فیکس: 051 -9250368


## ہفتہ وار موسم کی صورتحال

۲۳جون ۲۰۲۶

جون ۲۰۲۶ کے تیسرے ہفتے (۱۵-۲۱جون) کے دوران ملک کے مختلف حصوں میں ہلکی سے معتدل بارش ریکارڈ کی گئی۔ تصویر ا میں بارش کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے، جس کے مطابق بالائی خیبر پختونخوا، کشمیر، بالائی پنجاب، اور وسطی بلوچستان (سبی کے گردونواح) میں بارش کی مقدار ۵ سے ۵۷ ملی میٹر تک ریکارڈ کی گئی۔ اس کے علاوہ، تصویر ۲ میں ۱۹۹۱-۲۰۲۰ کے موسمیاتی حوالہ جاتی دورانیے کی بنیاد پر ہفتہ وار معمول کے مقابلے میں بارش کا انحراف دکھایا گیا ہے، جس کے مطابق ملک کے بیشتر حصوں خصوصاً بلوچستان، سندھ، اور پنجاب کے بالائی و وسطی علاقوں میں بارش معمول سے کم رہی، جبکہ چند مقامات پر معمولی مثبت انحراف بھی دیکھنے میں آیا۔





تصویر-۱: بارش کی مقامی تقسیم





تصویر-۲: بارش کا معمول سے انحراف

تصویر ۳ ( میں جون ۲۰۲۶ کے تیسرے ہفتے (۱۵-۲۱جون) کے دوران پاکستان بھر میں اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے۔ ملک بھر میں اوسط درجہ حرارت تقریباً ۱۴ سے ۴۰ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا۔ سندھ، جنوبی و وسطی پنجاب اور بلوچستان کے وسطی و مغربی علاقوں (جیسے سبی اور نوکنڈی) میں اوسط درجہ حرارت ۳۴ سے ۴۰ ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے برعکس، خیبر پختونخوا کے بیشتر حصوں، بالائی پنجاب اور کشمیر میں اوسط درجہ حرارت ۲۴ سے ۳۲ ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ گلگت بلتستان کے بالائی علاقوں میں ۱۴ سے ۲۲ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا گیا۔ تصویر ۴ میں ہفتہ وار معمول درجہ حرارت (۱۹۹۱-۲۰۲۰) کے موسمیاتی اوسط سے موازنہ کر کے درجہ حرارت کے انحراف کو پیش کیا گیا ہے۔ اس ہفتے کے دوران ملک کے بیشتر میدانی علاقوں میں درجہ حرارت معمول کے قریب رہا۔ تاہم، مغربی بلوچستان (خصوصاً نوکنڈی کے گردونواح) میں درجہ حرارت معمول سے زیادہ یعنی ۳ سے ۴ ڈگری سینٹی گریڈ تک ریکارڈ کیا گیا، جبکہ پنجاب کے وسطی و مشرقی حصوں، خیبر پختونخوا کے بالائی علاقوں اور کشمیر میں درجہ حرارت معمول سے کم یعنی ا سے ۳ ڈگری سینٹی گریڈ تک ریکارڈ کیا گیا۔





تصویر-۳: اوسط درجہ حرارت کی مقامی تقسیم





تصویر-۴: اوسط درجہ حرارت کا معمول سے انحراف

تصویر ۵ میں (۱۹۹۱-۲۰۲۰) کے دورانیہ پر مبنی ۱۵ سے ۲۱ جون کے دوران بارشوں کی موسمیاتی اوسط جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے۔ اس ہفتے کے دوران ملک میں سب سے زیادہ معمول کی بارش بالائی خیبر پختونخوا اور کشمیر کے بعض حصوں میں ہوتی ہے، جہاں یہ مقدار ۱۵ سے ۲۵ ملی میٹر تک ریکارڈ کی جاتی ہے۔ گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا کے دیگر وسطی حصوں اور بالائی پنجاب میں معمول کی بارش ۵ سے ۱۵ ملی میٹر تک ہوتی ہے۔ اس کے برعکس، وسطی و جنوبی پنجاب، بلوچستان کے بیشتر علاقوں اور سندھ میں یہ ہفتہ عام طور پر خشک رہتا ہے جہاں معمول کی بارش کی مقدار ۰ سے ۵ ملی میٹر تک ہوتی ہے۔ تصویر ۶ میں (۱۹۹۱-۲۰۲۰) کے دورانیہ پر مبنی ۱۵ سے ۲۱ جون کے دوران اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے۔ ملک بھر میں معمول کا اوسط درجہ حرارت تقریباً ۱۶ سے ۴۰ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہتا ہے۔ صوبہ سندھ، جنوبی و وسطی پنجاب اور بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں معمول کا اوسط درجہ حرارت ۳۴ سے ۴۰ ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا جاتا ہے۔ اس کے برعکس، خیبر پختونخوا کے بیشتر حصوں، بالائی پنجاب، کشمیر اور گلگت بلتستان میں معمول کا اوسط درجہ حرارت ۱۶ سے ۳۰ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہتا ہے۔





تصویر-۵: بارش کے معمول کی مقامی تقسیم




تصویر-۶: اوسط درجہ حرارت کے معمول کی مقامی تقسیم

تصویرے میں زمینی پانی کے ذخیرے کے انحرافات کو دکھایا گیا ہے، جو ناسا کے GRACE-FO سیٹلائٹ مشاہدات سے حاصل کیے گئے ہیں۔ جس میں ۱۵ سے ۲۱ جون ۲۰۲۶ کے دوران مٹی کی نمی کی صورتحال کو ظاہر کرتا ہے، جس کا موازنہ طویل مدتی اوسط (۱۹۴۸ تا ۲۰۱۲) کے ساتھ کیا گیا ہے۔ خشک سالی کے اشاریوں کو تاریخی موسمیاتی اعداد و شمار کے تناظر میں Percentile کی شکل میں ظاہر کیا گیا ہے، جہاں کم فیصد (نارنجی سے سرخ رنگ) معمول سے خشک حالت کو اور زیادہ فیصد (سبز سے نیلا رنگ) معمول سے زیادہ نمی والی حالت کو ظاہر کرتے ہیں۔ صوبہ سندھ کے زیریں اور ساحلی اضلاع، اور بلوچستان کے کچھ حصوں میں معمول سے زیادہ نمی کی سطح دیکھی گئی ہے، جو وہاں پانی کی مناسب دستیابی کو ظاہر کرتی ہے۔ اس کے برعکس، ملک کے شمالی حصوں بشمول بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر اور پنجاب کے بالائی و شمال مشرقی علاقوں میں نمی کی سطح اوسط سے کم رہی ہے، جو آبی دباؤ (hydrological stress) کی نشاندہی کرتی ہے۔




تصویر-۷: زمین کی سطح پر نمی کی مقدار

## ۲۳ سے ۳۰ جون کے دوران موسم کی پیشگوئی

۲۳ سے ۳۰ جون ۲۰۲۶ تک ملک کے بیشتر حصوں میں موسم گرم اور خشک جبکہ میدانی علاقوں میں شدید گرم رہے گا۔ اس دوران بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر اور شمال مشرقی پنجاب کے چند مقامات پر دوپہر کے وقت تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN

JUNE

2026

# WEEKLY WEATHER UPDATE



# WEEK-3

## 15th- 21st June



**National Drought Monitoring and Early Warning Centre**

PMD, Pitras Bokhari Road, Post Box No. 1214, Sector H-8/2,

Islamabad, Pakistan

URL: https://ndmc.pmd.gov.pk/new/

**GOVERNMENT OF PAKISTAN**
**PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT**
**(National Drought Monitoring Centre)**
**Islamabad**

Dated: 23rd June, 2026

Tel: 051-9250598
Fax: 051-9250368

# Weekly Weather Update

During the third week of May 2026 (15-21 June), light to moderate rainfall was recorded in various parts of the country. Figure 1 shows the spatial distribution of rainfall, indicating significant rainfall ranging between 5 and 75 mm was recorded in upper Khyber Pakhtunkhwa, Kashmir, upper Punjab, and central Balochistan (around Sibi). Figure 2 shows the departure of weekly rainfall from the Climatological normal (1991-2020), indicating that rainfall remained below normal in most parts of the country, especially in Balochistan, Sindh, and the upper and central regions of Punjab, while a slight positive departure was also observed in a few places.





*Figure 1: Spatial Distribution of Rainfall (mm)*





*Figure 2: Departure of Rainfall (mm)*

Figure 3 shows the spatial distribution of mean temperature across Pakistan during the third week of May 2026 (May 15-21). Mean temperatures ranged from approximately 14°C to 40°Cacross the country. Sindh, southern and central Punjab, and the central and western regions of Balochistan (such as Sibi and Nokkundi), the mean temperature was recorded between 34°C and 40°C. Conversely, in most parts of Khyber Pakhtunkhwa, upper Punjab, and Kashmir, the mean temperature was recorded between 24°C and 32°C, while in the upper regions of Gilgit-Baltistan, it ranged up to 14°C and 22°C. Figure 4 presents the temperature departure by comparing it with the climatological mean of the weekly normal temperature (1991-2020). During this week, temperatures remained near normal in most of the country's plain areas. However, in western Balochistan (particularly around Nokkundi), temperatures were recorded as higher than normal, reaching 3°C to 4°C, while in the central and eastern parts of Punjab, upper regions of Khyber Pakhtunkhwa, and Kashmir, temperatures were recorded as lower than normal, by 1°C to 3°C.





*Figure 3: Spatial Distribution of Mean Temperature (°C)*





*Figure 4: Departure of Mean Temperature (°C)*

Figure 5 shows the climatological average spatial distribution of rainfall during 15 to 21 June based on the (1991-2020) normal period. During this week, the highest normal rainfall in the country occurs in parts of upper Khyber Pakhtunkhwa and Kashmir, where this amount is recorded between 15 and 25 mm. In Gilgit-Baltistan, other central parts of Khyber Pakhtunkhwa, and upper Punjab, normal rainfall ranges from 5 to 15 mm. Conversely, central and southern Punjab, most areas of Balochistan, and Sindh generally remain dry during this week, where the normal rainfall amount ranges from 0 to 5 mm. Figure 6 shows the spatial distribution of mean temperature from June 15 to 21, based on the (1991-2020) period. Across the country, the normal mean temperature remains between approximately 16°C and 40°C. In Sindh province, southern and central Punjab, and most areas of Balochistan, the normal mean temperature is recorded between 34°C and 40°C. In contrast, in most parts of Khyber Pakhtunkhwa, upper Punjab, Kashmir, and Gilgit-Baltistan, the normal mean temperature remains between 16°C and 30°C.





*Figure 5: Spatial Distribution of normal rainfall (mm)*





*Figure 6: Spatial Distribution of mean temperature (°C)*

Figure 7 displays the anomalies in groundwater storage, derived from NASA's GRACE-FO satellite observations. This map shows soil moisture conditions from June 15 to 21, 2026, compared to the long-term average (1948 to 2012). Drought indices are expressed in terms of percentiles within the context of historical climatic data, where lower percentages (orange to red colors) indicate drier-than-normal conditions, and higher percentages (green to blue colors) represent wetter-than-normal conditions. Wetter-than-normal moisture levels were observed in the lower and coastal districts of Sindh province and parts of Balochistan, indicating adequate water availability in those areas. Conversely, below-average moisture levels were observed in the northern parts of the country, including upper Khyber Pakhtunkhwa, Gilgit-Baltistan, Kashmir, and the upper and northeastern regions of Punjab, which indicates hydrological stress.





*Figure 7: Surface Soil Moisture (Percentile)*

## Forecast for 23rd to 30th June, 2026

From June 23 to 30, 2026, the weather will remain hot and dry in most parts of the country, with very high temperatures in the plains. During this period, there is a possibility of rain, gusty winds, and thunderstorms at isolated places in upper Khyber Pakhtunkhwa, Gilgit-Baltistan, Kashmir, and northeastern Punjab in the afternoon.

For drought update, visit NDMC official website:
https://ndmc.pmd.gov.pk/new/bulletins.php